# ازدفتر جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب نارووال

دفتر ہذا میں درج ذیل آسامیوں کے لیے مطلوبہ تعلیمی قابلیت کے حامل افراد سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | نام آسامی | تعداد آسامی | تفصیل | | ڈومیسائل | تعلیمی قابلیت | حد عمر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | سٹینو گرافر (BS-16) | 06 | اوپن میرٹ | 05 | پنجاب | *Graduate from recognized university having minimum typing speed of 50 W.P.M and 110 W.P.M of shorthand speed. Candidate having computer knowledge will be preferred.* | 18 سے 25 سال |
| | | | 15 فیصد خواتین کوٹہ | 01 | | | |
| | | | 5 فیصد اقلیتی کوٹہ | 0 | | | |
| | | | 3 فیصد معذور کوٹہ | 0 | | | |
| 02 | نائب قاصد (BS-03) | 02 | اوپن میرٹ | | نارووال | *Middle* | 18 سے 25 سال |
| 03 | واٹرمین / واٹر کیریئر (BS -03) | 01 | اوپن میرٹ | | نارووال | *Literate having knowledge of job* | 18 سے 25 سال |

## ضروری ہدایات

**1**۔ سیریل نمبر 1 میں خواتین کوٹہ کے تحت درخواست گزار امیدواروں میں سے اگر کوئی بھی موزوں امیدوار میسر نہ ہو تو آسامی اوپن میرٹ کے تحت پر کی جائے گی۔ **2**۔ آسامی سیریل نمبر **1** اور **2** کی بھرتی بذریعہ **CTSPAK** کی جائے گی۔ **3**۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ **31 مئی 2022** ہے مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں مسترد تصور کی جائیں گی۔ **4**۔ مجاز اتھارٹی کسی بھی اسامی کی سیٹیں کم یا زیادہ کرنے کی مجاز ہو گی۔ **5**۔ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہو گا کہ وہ تمام یا جزوی نتائج کو رد کر دے۔ **6**۔ مجاز اتھارٹی کو کسی بھی مرحلے پر کوئی بھی تصحیح کرنے کا اختیار حاصل ہو گا۔ **7**۔ مجاز اتھارٹی کو اختیار ہو گا کہ وہ بغیر کوئی وجہ بتائے کسی ایک یا ایک سے زیادہ یا تمام اسامیوں پر بھرتی منسوخ کر دے۔

## قواعد وضوابط

**1**۔ درخواست دہندہ اپنی درخواست میں واضح طور پر تحریر کرے گا کہ آیا اس کا کوئی رشتہ دار سول و سیشن کورٹ، نارووال میں ملازم ہے یا نہیں۔ اگر کسی امیدوار کا کوئی رشتہ دار اس سے قبل سول و سیشن کورٹ، نارووال میں ملازم ہو تو درخواست دہندہ اس ضمن میں بیان حلفی جس میں رشتہ دار کا نام اور عہدہ بھی تحریر ہو درخواست کے ہمراہ لف کرے گا۔ **2**۔ سرکاری ملازمین درخواستیں اپنے محکمہ کے توسط سے ارسال کریں اور متعلقہ محکمہ سے جاری شدہ NOC بھی ہمراہ درخواست لف کریں۔ **3**۔ درخواست دہندگان درخواست کے ہمراہ 2 عدد حالیہ تصاویر، تعلیمی اسناد، شناختی کارڈ اور ڈومیسائل کی مصدقہ نقول لف کریں، بوقت انٹرویو تمام اصل اسناد ہمراہ لائیں۔ **4**۔ مطلوبہ تعلیمی معیار پر پوری نہ اترنے والی اور نامکمل درخواستیں مسترد تصور ہونگی۔ **5**۔ آسامی سیریل نمبر **1** اور **2** کی بھرتی بذریعہ **CTSPAK** کی جائے گی اور درخواستیں مورخہ **31-05-2022** تک مجوزہ درخواست فارم پر سینٹرل ٹیسٹنگ سروس کے پتہ آفس نمبر 414، فلور F2، جیف ہائیٹس، مین بلیورڈ گلبرگ III، لاہور پر بذریعہ رجسٹرڈ پوسٹ پہنچ جانی چاہییں۔ امیدوار درخواست فارم ہمراہ ڈیپازٹ سلپ **CTS PAK** کی ویب سائٹ **www.ctspak.com** سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ سیریل نمبر **01** اور **02** کے لیے مبلغ **-/600** روپے کا چالان جمع کروانا ہو گا۔ امیدواران لفافے کے دائیں کونے پر آسامی کا نام تحریر کریں اور مخصوص کوٹہ (اگر ہو تو) کی واضح طور پر نشاندہی کریں۔ **6**۔ اسامیاں سیریل نمبر **3** کے لیے صرف مجوزہ فارم پر ہی درخواستیں قابل قبول ہوں گی جو کہ ڈسٹرکٹ کورٹ نارووال کی ویب سائٹ **www.narowal.dc.lhc.gov.pk** یا دفتر سے دوران دفتری اوقات مقررہ تاریخ تک حاصل کی جاسکیں گی۔ سادہ کاغذ پر دی جانے والی درخواست قابل قبول نہیں ہو گی اور مسترد تصور ہو گی۔ سیریل نمبر **03** کی اسامی کے لئے ٹیسٹ / انٹرویو کیلیے تاریخ کا اعلان بذریعہ نوٹس بورڈ سیشن کورٹ نارووال اور ویب سائیٹ **www.narowal.dc.lhc.gov.pk** پر بعد میں کیا جائے گا۔ **7**۔ امیدواران کو نہ تو علیحدہ اطلاع دی جائے گی اور نہ ہی کوئی نوٹس دیا جائے گا۔ ٹیسٹ کے لیے سنٹر نارووال شہر ہو گا۔ **8**۔ مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والی درخواستیں مسترد سمجھی جائیں گی۔ **9**۔ اگر کوئی امیدوار کوٹہ کی مختلف آسامی پر **Apply** کرنا چاہے تو ہر آسامی کے لیے الگ الگ درخواست دے۔ **10**۔ تمام درخواست دہندگان اپنا ایکٹو موبائل فون نمبر جس پر **SMS** یا **WhatsApp** کی سروس ہو ضروری طور پر درخواست میں تحریر کریں۔ **11**۔ اتھارٹی کو میرٹ کی بنیاد پر شارٹ لسٹنگ کا اختیار ہو گا۔ **12**۔ تمام آسامیوں پر بھرتیاں سول و سیشن کورٹس اسٹیبلیشمنٹ سروس رولز **2005**، گورنمنٹ آف پنجاب کی متعلقہ ریکروٹمنٹ پالیسی و دیگر ہدایات و ترمیمات جو وقتاً فوقتاً کی گئی ہوں کے تابع ہوں گی۔ **13**۔ عمر کی بالائی حد میں 5 سال مرد امیدواران اور خواتین امیدواران کے لیے 8 سال کی رعایت عمومی طور پر نہیں دی جائے گی بلکہ یہ رعایت صرف ان امیدواران کے لیے زیر غور لائی جائے گی جن کی عمر غیر معمولی حالات جو کہ انسان کے اختیار سے باہر ہوں کی بنا پر مقررہ حد سے زائد ہوئی ہو تو اُس کو دی جاسکتی ہے۔ وہ بھی اس شرط پر کہ امیدواران ان حالات کا تذکرہ اپنی درخواست میں تحریر کریں گے۔ تاہم اس سلسلہ میں حتمی فیصلہ ریکروٹمنٹ کمیٹی کا ہو گا۔ نیز امیدواران کے لیے عمر کا تعین **31-05-2022** تک کیا جائے گا۔ **14**۔ اسامی نمبر **1** اور **2** کے لیے رول نمبر سلپ **CTS** کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہے۔ **15**۔ **کسی بھی قسم کے اعتراض یا معلومات کیلیے سنٹرل ٹیسٹنگ سروس کے ای میل query@ctspak.com پر ای میل کریں یا فون نمبر 042-35755548، 0300-0532200 پر رابطہ کریں۔** **16**۔ سیریل نمبر 1 اور 2 کے لیے **CTSPAK** سے وصول ہونے والے نتائج کی بنا پر امیدواران کے انٹرویو کی تاریخ کا اعلان بذریعہ نوٹس بورڈ اور ویب سائیٹ دفتر ہذا **www.narowal.dc.lhc.gov.pk** پر بعد میں کیا جائے گا۔ **17**۔ ٹیسٹ و انٹرویو میں آنے والے امیدواران کو اصل شناختی کارڈ دکھائے بغیر ٹیسٹ انٹرویو میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہو گی اور اس بابت کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔ **18**۔ دوران ٹیسٹ موبائل / **IT** آلات استعمال کرنا ممنوع ہے۔ ٹیسٹ یا انٹرویو کیلیے آنے والے امیدواران کو کسی بھی قسم کا **TA/DA** نہ دیا جائے گا۔

**سید علی عمران** ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج، نارووال

رابطہ نمبر: **0542-500103**

**IPL-4622**